A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# فیڈرل بورڈ ماڈل سوالیہ پرچہ اسلامیات (لازمی)

## برائے جماعت نہم (سالانہ امتحان 2017 و مابعد)

## حصّہ اول

وقت: 15 منٹ — کل نمبر: 10

**نوٹ:** حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پندرہ منٹ میں حل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر 1: دیئے گئے جوابات یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i)۔ "یَوْمُ الْفُرْقَان" سے کیا مراد ہے؟

الف۔ بدر کا دن — ب۔ احد کا دن

ج۔ حدیبیہ کا دن — د۔ فتح مکہ کا دن

(ii)۔ سورۃ الانفال کے مطابق غزوہ بدر میں کتنے فرشتوں کے ذریعے مدد کا وعدہ فرمایا گیا ہے؟

الف۔ ایک ہزار — ب۔ دو ہزار

ج۔ تین ہزار — د۔ چار ہزار

(iii)۔ "تَصْدِیَةً" کے معنی ہیں:

الف۔ تالیاں — ب۔ سیٹیاں

ج۔ شور و غل — د۔ آوازیں نکالنا

(iv)۔ قرآن مجید کا موضوع ہے:

الف۔ انسان — ب۔ کائنات

ج۔ علم — د۔ فرشتے

(v)۔ حدیث مبارکہ میں تکمیلِ ایمان کے کتنے اصول بیان کیے گئے ہیں؟

الف۔ تین — ب۔ چار

ج۔ پانچ — د۔ چھ

(vi)۔ اللہ تعالیٰ کی سب سے غالب صفت ہے۔

الف۔ عدل کرنا — ب۔ رحم کرنا

ج۔ رزق دینا — د۔ تخلیق کرنا

Result.pk

(vii)۔ علم میں غور و خوض کرنا کس کے برابر ہے؟

الف۔ نماز | ب۔ روزہ
ج۔ حج | د۔ جہاد

(viii)۔ منکرینِ زکوۃ کے خلاف کس خلیفہ نے جہاد کیا؟

الف۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ | ب۔ حضرت عمر فاروقؓ
ج۔ حضرت عثمان غنیؓ | د۔ حضرت علی المرتضیٰؓ

(ix)۔ مصارفِ زکوۃ میں ”رقاب“ سے مراد ہے۔

الف۔ مقروض | ب۔ غلام
ج۔ مسافر | د۔ مساکین

(x)۔ ”وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا“ میں لفظ ”سَلْم“ سے کیا مراد ہے؟

الف۔ صلح | ب۔ کامیابی
ج۔ دوستی | د۔ سلامتی

---

برائے ممتحن:

کل نمبر: 10 حاصل کردہ نمبر:________

Result.pk

# فیڈرل بورڈ ماڈل سوالیہ پرچہ اسلامیات (لازمی)

## برائے جماعت نہم (سالانہ امتحان 2017 و مابعد)

وقت: 2:15 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 40

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 24)

سوالنمبر ۲: مندرجہ ذیل قرآنی آیات میں سے کوئی سی تین آیات کا ترجمہ لکھیے۔ (3x3=9)

(i) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ

(ii) وَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ

(iii) وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ فِيْهِمْ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ

(iv) وَ اِنْ يُّرِيْدُوْۤا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْۤ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

(v) اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

سوالنمبر ۳: کسی ایک حدیث کا ترجمہ وتشریح کرتے ہوئے اس کا ہماری عملی زندگی سے تعلق واضح کیجیے۔ (2+2+1=5)

(i) خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَ عَلَّمَهٗ۔

(ii) اِنَّ اَكْمَلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔

سوالنمبر ۴: کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (5x2=10)

(i) سورۂ انفال کی روشنی میں مومنوں کی صفات بیان کریں۔

(ii) ”وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا“ میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟

(iii) سورۂ انفال میں فرعون اور آلِ فرعون کی بربادی و ہلاکت کے کیا اسباب بیان کیے گئے ہیں؟

(iv) کسی قوم میں رشوت کا چلن کب عام ہوتا ہے؟

(v) قرآن کریم میں کتنے مصارفِ زکوٰۃ بیان کیے گئے ہیں؟

(vi) علم میں اضافہ کے لیے قرآنی دُعا تحریر کیجیے۔

(vii) زکوٰۃ کے لفظی معنی اور اصطلاحی مفہوم لکھیے۔

Result.pk



صفحہ الٹیے

## حصہ سوم (کل نمبر 16)

نوٹ: کوئی سے دو سوالوں کے مفصل جوابات دیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔ (2x8=16)

سوالنمبر ۵: قرآن حکیم کی حفاظت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

سوالنمبر ۶: قرآن و حدیث کی روشنی میں علم کی فضیلت بیان کیجیے۔

سوالنمبر ۷: زکوٰۃ کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔

Result.pk